Session 24Th
No 1192
Date 11/04/2017
Department population welfare

توجہ دلاؤ نوٹس 1192

منجانب: فخر اعظم وزیر صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بہبودی آبادی کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ محکمہ بہبودی آبادی 1997 سے 2007 تک میل موبلائزر گریجویشن کی تعلیمی قابلیت پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیے گئے تھے اور یہ پراجیکٹ وفاقی حکومت نے ایکنک کی منظوری سے شروع کیا تھا اور اٹھارویں ترمیم کے تحت وفاقی حکومت نے محکمہ بہبودی آبادی اور ملازمین سمیت صوبائی حکومت کو حوالہ کیا گیا جس کیلئے اگلے این ایف سی ایوارڈ کے اجراء تک ان ملازمین کی تنخواہیں وغیرہ کی ساری زمہ داری تاحال وفاقی حکومت برداشت کر رہی ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے سیکرٹری وڈائریکٹر جنرل بہبودی آبادی خیبر پختونخوا نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے صوبائی حکومت کو اندھیرے میں رکھ کر تقریباً 480 میل موبلائزر اور 560 اے ڈی پی پراجیکٹ ملازمین جس میں خواتین اور مرد شامل ہیں کو بیک وقت 30 جون 2014 کو ملازمت سے برخاست کر دیا تھا۔ جبکہ بعد از سپریم کورٹ نے محکمہ بہبودی آبادی کے اے ڈی پی پراجیکٹ ملازمین کو جملہ مراعات کے ساتھ بحال کیا ہے اور اسی طرح لاہور ہائی کورٹ، سندھ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے حکم پر پنجاب، سندھ اور بلوچستان نے تمام میل مبولائزر کو گریڈ 1 میں باقاعدہ ریگولر کر دیا ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے محکمہ بہبودی آبادی کے میل مبولائزر جس میں 19 سال تک ملازمت کرنے والے 50 سال کی عمر کے ملازمین کو بغیر کسی وجہ سے بے روزگار کر کے معاشی مشکلات سے دوچار کر دیا ھے جو کہ نہایت غیر انسانی اور غیر قانونی اقدام ہے حالانکہ حکومت کا کام لوگوں کو روزگار دینا اور ان کے معیار زندگی کو بہتر کرنا ہوتا ہے نہ کہ ان سے رزق چھین کر بے روزگار کرنا چونکہ تمام میل موبلائزر ملازمین کو وفاقی حکومت نے گریڈ 5 اور پنجاب، سندھ اور بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان بشمول فاٹا نے گریڈ 1 میں باقاعدہ ریگولر کر دیا ھے جو اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ حالانکہ صوبائی وزیر خزانہ نے مالی سال 16-2015 کی بجٹ تقریر میں میل موبلائزر نظام کو بحال کرنے اور ان کی تعداد میں اضافہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ لہذا التماس ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 480 ملازمین اور ان کے خاندان کی مالی مشکلات کے پیش نظر ان کی دوبارہ بحالی کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

Pushto lang

Session 24Th
No 1200
Date 18/04/2017
Department Environment

توجہ دلاؤ نوٹس **1200**

منجانب: جعفر شاہ، فخر اعظم وزیر اینڈ سردار حسین بابک اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ ماحولیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں۔ وہ یہ کہ آٹھارویں ترمیم کے تحت بعض محکموں کے اختیارات کو مرکز سے صوبائی حکومتوں کو تفویض کیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک پاکستان فارسٹ انسٹیٹوٹ (PFI) بھی ہے۔ جو کہ محکمہ ماحولیات خیبر پختونخوا کے ماتحت کیا گیا ہے۔ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا نے 2015ء میں بل پاس کیا تھا جس کے تحت محکمہ ہذا کو صوبائی حکومت کے دائرہ اختیار میں لایا گیا۔ (مذکورہ ایکٹ کی کاپی منسلک ہے) لیکن صوبائی حکومت نے ابھی تک اس کا نوٹیفیکیشن جاری نہیں کیا۔ جسکی وجہ سے PFI کے ملازمین صوبائی حکومت کی مراعات سے محروم ہیں۔ PFI کے ملازمین جن میں جونیئر کلرک BPS-7، سینئر کلرک PBS-9، اسسٹنٹ BPS-14، سپرنٹنڈنٹ PBS-16 اور کلاس فور بھی شامل ہیں جبکہ اس کے برعکس محکمہ ماحولیات میں مذکورہ ملازمین یعنی جونیئر کلرک، سینئر کلرک، اسسٹنٹ اور سپرنٹنڈنٹ کو بلترتیب BPS-11، BPS-14، BPS-16 اور BPS-17 دیا گیا ہے۔ اور کلاس فور ملازمین کو Two Step ترقی دی گئی ہے۔ لیکن باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری نہ ہونے کی وجہ سے PFI کے ملازمین مذکورہ بالا ترقیوں سے محروم ہیں۔ لہٰذا مذکورہ بالا ایکٹ کی روشنی میں باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کر کے PFI کے ملازمین کے ساتھ زیادتی کا ازالہ کیا جائے۔

EXTRAORDINARY

REGISTERED NO. P.III

GOVERNMENT GAZETTE

# KHYBER PAKHTUNKHWA

Published by Authority

PESHAWAR, MONDAY, 23RD NOVEMBER, 2015.

## PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT KHYBER PAKHTUNKHWA.

**NOTIFICATION**
**Dated Peshawar, the 23[rd] November, 2015.**

**No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/Bills/2015/12250**— The Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2015 having been passed by the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa on 17[th] November, 2015 and assented to by the Governor of the Khyber Pakhtunkhwa on 20[th] November, 2015 is hereby published as an Act of the Provincial Legislature of the Khyber Pakhtunkhwa.

## THE KHYBER PAKHTUNKHWA CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) ACT, 2015

**(KHYBER PAKHTUNKHWA ACT NO. XXXVIII OF 2015)**

*(First published after having received the assent of the Governor of the Khyber Pakhtunkhwa in the Gazette of the Khyber Pakhtunkhwa. (Extraordinary), dated the 23/11/2015)*

**AN ACT**

*further to amend the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants Act, 1973.*

WHEREAS it is expedient further to amend the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants Act, 1973 (Khyber Pakhtunkhwa Act No. XVIII of 1973), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.**---(1) This Act may be called the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Act, 2015.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new section 11B in the Khyber Pakhtunkhwa Act No. XVIII of 1973.**--- In the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants Act, 1973 (Khyber Pakhtunkhwa Act No. XVIII

of 1973), hereinafter referred to as the said Act, after section 11A, the following new section shall be inserted, namely:

"11B. **Absorption or appointment of Federal employees.**— (1) Notwithstanding anything contained in this Act, all those employees of the Federal Government, who are holding various posts in Federal Government entities on regular basis, before the commencement of the Constitution (Eighteenth Amendment) Act, 2010 (X of 2010) and the said entities being devolved to Province in pursuance of aforesaid amendment, shall be deemed to be the civil servants of the Province for all intents and purposes under this Act.

(2) All such Federal Government employees.-

(a) if their relevant cadre is available in Government, shall be absorbed in the said cadre in the prescribed manner; and

(b) if no relevant cadre is available in Government, shall be deemed to have been appointed on regular basis to various cadres posts to be created for this purpose:

Provided that on such appointment or absorption, as the case may be,-

(i) their seniority shall be determined in accordance with the provision of this Act; and

(ii) their liabilities with regard to pension, gratuity, group insurance, benevolent fund and leave encashment shall be proportionally shared between the Federal Government and Government in such a manner as may be agreed upon.

(3) Government shall constitute a committee consisting of Secretary to Government, Establishment Department, Secretary to Government, Finance Department, Secretary to Government, Law, Parliamentary Affairs and Human Rights Department, Secretary to Government, Inter Provincial Coordination Department and Secretary of the concerned Department to remove difficulties, if any, in implementation of this section.".

**BY ORDER OF MR. SPEAKER**
PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

**(AMANULLAH)**
Secretary
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa

Printed and published by the Manager,
Staty. Ptg. Deptt., Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar.